## انہیں بھی پورا کیجئے۔

### دیئے گئے الفاظ کو چن کر خالی جگہ پر کیجئے۔

(1) بند تصویر کے گھر کی لمبائی............ہوتی ہے۔(احاطہ/رقبہ)

(2) احاطے کی اکائی............کی اکائی ہوتی ہے۔(لمبائی/رقبہ)

(3) کسی تصویر کی سبھی کنارے کا میزان............ہوتا ہے۔(رقبہ/احاطہ)

(4) گھیرے کا اندرونی حصہ............ہوتا ہے۔(احاطہ/رقبہ)

(5) کسی مستطیل نما تصویر کی لمبائی دوگنی اور چوڑائی آدھی کرنے پر اسکا رقبہ............ہوتا ہے۔(مستقل/غیر مستقل)

(6) رقبہ کی اکائی............اکائی ہے۔(مربع/مکعب)

(7) مستطیل نما جگہ کا رقبہ لمبائی اور چوڑائی کا............ہوتا ہے۔ (حاصل جمع/حاصل ضرب)

(8) مربع کے احاطہ میں چار سے............کرنے سے مربع کی ضلع حاصل ہوتا ہے۔(ضرب/تقسیم)

(9) کوئی چیز جتنا جگہ گھیرتا ہے وہ اسکا............ہے۔(رقبہ/حجم)

(10) کسی برتن کے اندرونی حصہ میں رکھنے کی صلاحیت............ہے۔ (حجم/اندرونی حجم)

صحیح جواب پر(✓) کا نشان لگایئے۔

(1) 3 سینٹی میٹر 4 سینٹی میٹر اور 5 سینٹی میٹر مثلث کا احاطہ ہے۔

(a) 10 سینٹی میٹر (b) 12 سنٹی میٹر

(c) 22 سینٹی میٹر (d) ان میں سے کوئی نہیں

(2) مستطیل نما گھر کے احاطہ کو جوڑنے کے لئے لمبائی اور چوڑائی کو جوڑتے ہیں۔

(a) دوبار (b) تین بار

(c) صفر (d) ان میں سے کوئی نہیں

(3) مربع کی ضلع کو دوگنا کرنے پر رقبہ ہو جاتا ہے۔

(a) دوگنا (b) چار گنا

(c) چوتھائی (d) برابر

(4) 20 میٹر لمبی اور 15 میٹر چوڑے باغ کا احاطہ ہے۔

(a) 70 میٹر (b) 140 میٹر

(c) 35 میٹر (d) ان میں سے کوئی نہیں۔

(5) حجم کا شمار ہوتا ہے۔

(a) ایک ابعادی (One Dimensional) (b) دو ابعادی

(c) تین ابعادی (Three Dimensional) (d) ان میں سے سبھی۔

باب-13

# وقت

راہل کے اسکول میں روزانہ ایک کھیل کھیلا جاتا ہے۔ پچھلے ہفتے ذیل کھیل کھیلے گئے۔ درج ذیل جدول دیکھ کر بتایئے کے اسکول میں کس دن کون سا کھیل کھیلا گیا۔

| دن | کھیل کا نام |
|---|---|
| (1) سوموار | پٹو |
| (2) منگل | کبڈی |
| (3) بدھ | کھوکھو |
| (4) جمعرات | چور۔ سپاہی |
| (5) جمعہ | لکا چھپی |
| (6) سنیچر | لمبی کود |

اب آپ بتایئے۔

(1) بدھ کے دن کون سا کھیل کھیلا گیا؟

(2) سوموار کے آئندہ دن کون سا کھیل کھیلا گیا؟

(3) سنیچر سے ایک دن پہلے کون سا کھیل کھیلا گیا؟

(4) جمعرات اور سنیچر کے درمیان کون سے کھیل کھیلے گئے؟

(5) لکا چھپی سے دو دن پہلے کون سا کھیل کھیلا گیا؟

(6) کبڈی کے بعد کون کون سے کھیل کھیلے گئے تھے؟

2. درجہ 5 کے استاد نے ایک جدول بنایا اور بچوں سے کہا اس میں اپنی عمر بھریئے۔ جیسے۔ راہل کا جنم 2001 میں ہوا تھا تو اس نے 2002 میں 1 سال بھرا اور 2003 میں 2 سال

اس طرح اس نے 2016 تک جدول کو پر کیا۔

| سال | 2001 | 2002 | 2003 | 2004 | 2005 | 2006 | 2007 | 2008 | 2009 | 2010 | 2011 | 2012 | 2013 | 2014 | 2015 | 2016 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عمر | | 1 سال | 2 سال | 3 سال | 4 سال | | 6 سال | 7 سال | 8 سال | 9 سال | 10 سال | 11 سال | 12 سال | 13 سال | 14 سال | 15 سال |

☆ بتایئے راہل 2006 کے خانے میں کیا لکھے گا؟

☆ راہل 2028 میں کتنے سال کا ہوگا؟

## اب آپ اپنے بارے میں بتایئے؟

☆ آپ کی پیدائش کس سن میں ہوئی؟

..............................................................

☆ آپ کس سن میں 2 سال کے ہوئے؟

..............................................................

اب آپ اپنے لئے بھی 2001 سے 2016 تک جدول بنایئے اور ذیل کے سوالوں کے جواب دیجئے۔

☆ آپ 2010 میں کتنے سال کے تھے؟

☆ آپ ابھی سے 5 سال پہلے کتنے سال کے تھے؟

☆ پانچ سال بعد آپ کی عمر کتنی ہو جائے گی؟

(ایسے ہی اور مشق بنایئے۔)

## 3. نظام الاوقات:

ایک اسکول کے درجہ 5 کا نظام الاوقات درج ذیل ہے۔

| دعائیہ گھنٹی | پہلی گھنٹی | دوسری گھنٹی | تیسری گھنٹی | چوتھی گھنٹی | چھٹی (آدھی چھٹی) | پانچویں گھنٹی | چھٹی گھنٹی | ساتویں گھنٹی | آٹھویں گھنٹی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 10:00 سے 10:30 تک | 10:30 سے 11:15 تک | 11:15 سے 12:00 تک | 12:00 سے 12:45 تک | 12:45 سے 1:30 تک | 1:30 سے 2:00 تک | 2:00 سے 2:30 تک | 2:30 سے 3:00 تک | 3:00 سے 3:30 تک | 3:30 سے 4:00 تک |
| دعا صفائی خبرات | اردو | حساب | انگریزی | سماجی سائنس | (ٹیفن) درمیانی چھٹی | نیچرل سائنس | فارسی | نقر مصوری SUPW | کھیل |

مندرجہ بالا نظام الاوقات دیکھ کر بتایئے۔

(1) ٹیفن کا وقت کب ہوتا ہے اور کتنے وقت کا ہوتا ہے؟

(2) اسکول کتنے بجے سے شروع ہوتا ہے؟

(3) پہلی گھنٹی کتنے بجے لگتی ہے؟

(4) اسکول شروع ہونے سے لیکر تیسری گھنٹی تک کل کتنا وقت ہوتا ہے؟

(5) پہلی گھنٹی سے چوتھی گھنٹی تک کتنا وقت ہوتا ہے؟

(6) درمیانی چھٹی کے پہلے کی گھنٹی اور درمیانی چھٹی کے بعد کے گھنٹی میں کتنے وقت کا فرق ہوتا ہے؟

(7) اسکول شروع ہونے سے درمیانی چھٹی تک کل کتنا وقت لگتا ہے؟

(8) اسکول کا کل کتنا وقت ہوتا ہے؟

(آپ ایسے ہی کچھ اور مشق درجہ میں بنوائیں اور کروائیں)

راجیش نے اپنے درجہ میں پڑھائی جانے والے مضامین کے وقت کا جدول بنایا۔

| مضمون | پڑھانے کا وقت |
|---|---|
| حساب | 11:15 سے 12:00 بجے تک |
| سماج | 12:45 سے 1:30 بجے تک |
| اردو | 10:30 سے 11:15 بجے تک |
| سائنس | 2:30 سے 3:00 بجے تک |
| انگریزی | 12:00 سے 12:45 بجے تک |

پہلا مضمون ..............................

دوسرا مضمون ..............................

.................. ..............................

.................. ..............................

پانچواں مضمون ..............................

آپ جانتے ہیں کہ ایک دن میں 24 گھنٹے ہوتے ہیں اپنے ایک دن کی روزمرہ مندرجہ ذیل خالی جگہ میں بھریئے۔

(1) اسکول میں گذرا وقت ..............

(2) سونے میں گذرا وقت ..............

(3) گھر پر پڑھنے میں گذرا وقت ..............

(4) کھیلنے میں گذرا وقت ..............

(5) ہوم ورک کرنے میں گذرا وقت ..............

(6) گھر کے کاموں میں گذرا وقت ..............

(7) دیگر کوئی ..............

24 گھنٹے میں ہم جو بھی کرتے ہیں ہماری روزمرہ کہلاتی ہے۔

## اسی طرح آپ اپنے دوستوں کے روزمرہ کو لکھیے۔

(1) ..............................................................................................

(2) ..............................................................................................

(3) ..............................................................................................


(4) ..............................................................................................

(5) ..............................................................................................

(6) ..............................................................................................

(7) ..............................................................................................

6. ذیل میں کچھ گھڑیاں بنی ہیں۔ سبھی میں الگ الگ وقت دکھایا گیا ہے۔ آپ بتائیے کس گھڑی میں کتنا وقت ہوا ہے۔ ہر گھڑی کے نیچے اس کا اوقات لکھیے۔




........بجکر........منٹ




........بجکر........منٹ



........بجکر........منٹ



........بجکر........منٹ




........بجکر........منٹ



........بجکر........منٹ

ہر گھڑی میں گھنٹے و منٹ کی سوئی بنا کر اس کے نیچے لکھے وقت کا اظہار کیجئے۔



پونے نو بجے | ساڑھے تین بجے | ڈیڑھ بجے | سوا سات بجے

## 12 گھنٹے اور 24 گھنٹے والی گھڑی پر گفتگو۔

گوری اپنے پاپا کے ساتھ گھر میں ٹی۔وی پر فلم دیکھ رہی تھی۔ 2 بجے کے خبروں سے پہلے ٹی۔وی پر وقت دیکھایا گیا 14:00 بجے۔ 9 سال کی گوری نے یہ دیکھ کر پوچھا۔۔۔۔

**گوری** : پاپا، ٹی۔وی پر یہ کیا لکھا ہے 14:00 بجے۔

**پاپا** : یہ وہ وقت ہے، جب خبر شروع ہوتی ہے۔

**گوری** : ( گھڑی، دیکھکر ) ابھی تو 2 بجے ہیں۔ پھر ٹی۔وی پر 2 کیوں نہیں ہے اور ٹی۔وی پر 2 بجے کے بجائے 14 اور صفر صفر کیوں دکھایا جا رہا ہے۔

**پاپا** : یہ تو تمہیں معلوم ہی ہے کہ ایک دن میں 24 گھنٹے ہوتے ہیں۔

**گوری** : جی پاپا

**پاپا** : ابھی کیا وقت ہو رہا ہے؟ اب سے پانچ گھنٹے بعد کیا وقت ہوگا؟

**گوری** : سات بجیں گے۔


**پاپا** : شام والے سات کو ظاہر کرنے کے لئے اسے 7:00P.M لکھتے ہیں۔ P.M کا مطلب ہوتا ہے شام۔ اسی طرح صبح والے 7:00 کو ظاہر کرنے کے لئے 7:00A.M لکھتے ہیں۔ تم جانتی ہو کہ گھڑی کی چھوٹی سوئی رات 12 بجے سے دوپہر 12 بجے کے بیچ پورا ایک چکر لگاتی ہے۔ تو بتاؤ دوپہر 12 بجے کے بعد کیا ہوگا۔


**ہدایت برائے اساتذہ**۔ درجہ میں استاد بچوں کو گھڑی کی سوئی گھما کر مندرجہ بالا سرگرمی کرائیں گے۔

**گوری :** یہ سوئی پھر ایک چکر لگائے گا۔

**پاپا :** یعنی صرف گھڑی دیکھ کر ہی ہم نہیں بتا سکتے کہ اس وقت صبح ہے یا شام۔ اس کا پتہ ہم دن یا رات دیکھ کر ہی لگا سکتے ہیں۔
اب میں ایک گھڑی اس طرح بناتا ہوں۔

(الف)





(ب)

اس گھڑی میں سایہ دار حصہ رات ظاہر کرتا ہے اور سفید حصہ دن کو ظاہر کرتا ہے۔ اس گھڑی میں ایک ہی سوئی چکر لگاتا ہے۔ یہ سوئی جو وقت بتائے وہی صحیح وقت ہے۔ اگر یہ سایہ دار حصے میں ہو تو رات کا وقت ہوگا اور سفید حصے جس میں ہو تو دن کا وقت ہوگا۔

**گوری :** یہ تو بہت ہی مزے دار ہے پاپا۔ مجھے بھی ایک ایسی گھڑی چاہئے۔

**پاپا :** ٹھیک ہے، اب اسے دیکھو۔ اس پر 3,2,1............12 لکھے ہیں جو رات کے 12 بجے سے دن کے 12 بجے کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کے بعد دوبارہ 3,2,1...........12 بجے تک لکھے ہیں جو دوپہر 12 بجے سے رات 12 بجے کے وقت کو ظاہر کرتا ہے۔

اب میں ایک ایسی گھڑی بناؤں گا جس میں میں 3,2,1........12 لکھوں گا جو رات 12 بجے سے دوپہر 12 بجے تک کے وقت کو ظاہر کرے گا۔ اس کے بعد پھر 3،2،1.......وغیرہ لکھنے کے بجائے میں 14,13.........24 تک لکھوں گا۔ دیکھئے تصویر (ب) کو۔ اب میں نے دونوں حصے کو ایک دوسرے کے اوپر اس طرح رکھا ہے کہ ان کے مرکزی نقطے ایک دوسرے کے اوپر رہیں۔ اس کے ذریعہ یہ ظاہر ہوتا ہے کہ 13 اصل میں 1P.M، 14 اصل میں 2P.M وغیرہ سے میل کھاتے ہیں۔


وقت کو لکھنے کے اس طریقہ کو 24 گھنٹے کا طریقہ کہتے ہیں۔ پھر میں نے پوچھا کہ اس وقت کتنے بجے ہیں۔ اس نے گھڑی دیکھی اور کہا کہ 7 بجے ہیں۔


**پاپا** : 24 گھنٹے والی گھڑی میں اس سے ملتا وقت کیا ہے؟ (اسنے 7 سے ملتا وقت 24 گھنٹے والی گھڑی پر پڑھکر کہا 19 بجے ہیں) اب کیا تم کو یاد ہے کہ ٹی۔وی پر کیا وقت لکھا تھا؟

**گوری:** ہاں، 14 تھا۔ اب مجھے سمجھ میں آگیا کہ یہ 2 بجے کا وقت ہے۔


## مشق:۔

اب آپ 12 گھنٹے والی گھڑی کے وقت کو 24 گھنٹے والی وقت میں تبدیل کیجئے۔






| | 12 گھنٹے والی گھڑی کا وقت | 24 گھنٹے والی گھڑی کا وقت |
|---|---|---|
| 1. | 1 بجکر 10 منٹ | 13 بجکر 10 منٹ |
| 2. | 4 بجکر 20 منٹ | ............................... |
| 3. | 5 بجکر 35 منٹ | ............................... |
| 4. | 7 بجکر 00 منٹ | ............................... |
| 5. | 9 بجکر 15 منٹ | ............................... |
| 6. | 11 بجکر 50 منٹ | ............................... |
| 7. | 3 بجکر 35 منٹ | ............................... |



24 گھنٹے والی گھڑی کے وقت کو 12 گھنٹے والی گھڑی میں تبدیل کیجیے۔



| 24 گھنٹے والی گھڑی کا وقت | 12 گھنٹے والی گھڑی کا وقت |
|---|---|
| 13 بجکر 20 منٹ | 1 بجکر 20 منٹ |
| 15 بجکر 38 منٹ | .................... |
| 17 بجکر 15 منٹ | .................... |
| 20 بجکر 35 منٹ | .................... |
| 22 بجے کو | .................... |
| 23 بجکر 40 منٹ | .................... |

7. آپ کو یہ معلوم ہے کہ 1 گھنٹے میں 60 منٹ ہوتے ہیں اور 1 منٹ میں 60 سیکنڈ ہوتے ہیں۔

| | گھنٹوں کو منٹوں میں تبدیل کیجیے | منٹوں کو گھنٹوں میں تبدیل کیجیے |
|---|---|---|
| 1 | 2 گھنٹے = .................... منٹ | 80 منٹ = .................... |
| 2 | 4 گھنٹے = .................... منٹ | 120 منٹ = .................... |
| 3 | 1 گھنٹہ 30 منٹ = .......... منٹ | 135 منٹ = .................... |
| 4 | 2 گھنٹے 30 منٹ = .......... منٹ | 210 منٹ = .................... |
| 5 | 3 گھنٹے = .................... منٹ | 90 منٹ = .................... |
| 6 | 3 گھنٹے 20 منٹ = .......... منٹ | 65 منٹ = .................... |

ایک دن استاد نے درجہ کے بچوں کو ایک سوال حل کرنے کو دیا۔ تو درجہ کے کچھ بچوں کا جواب 8 گھنٹے 47 منٹ آیا اور باقی بچوں کا جواب 8 گھنٹے 7 منٹ آیا۔ ذیل میں وہی سوال دیا جا رہا ہے اسے آپ حل کیجیے اور معلوم کیجیے کہ ایسا کیوں ہوا؟

سوال۔

| منٹ | گھنٹے |
|---|---|
| 55 | 4 |
| 52 | 3 |
| | |

## کچھ عبارتی سوالات:

1. رادھا نے 7 بجے کھانا پکانا شروع کیا اور 8 بجکر 30 منٹ پر پورا کھانا تیار ہو گیا۔ اسے کھانا پکانے میں کتنا وقت لگا۔
2. شیام کو دودھ فروخت کرنے میں 2 گھنٹے 30 منٹ لگتے ہیں۔ اگر وہ ہر دن صبح سات بجے دودھ فروخت کرنا شروع کرتا ہے تو وہ کتنے بجے تک دودھ فروخت کرتا ہوگا۔
3. ریتا کی گھڑی میں 9 بجکر 30 منٹ ہوئے ہیں۔ اسے 10 بجے تک اسکول پہنچنا ہے۔ ریتا کے پاس ابھی کتنے منٹ باقی ہیں؟
4. راجو کی بس 10:40 بجے آتی ہے۔ راجو کی گھڑی میں 9 بجکر 50 منٹ ہوئے ہیں تو گاڑی کتنے منٹ میں آئے گی۔
5. مینا سویٹر کی سلائی صبح 45 منٹ اور دوپہر میں 35 منٹ کرتی ہے۔ مینا پورے دن میں کتنے منٹ سلائی کرتی ہے۔
6. سورج کو چنپٹیا سے بیتیا سائکل سے جانے میں 1 گھنٹہ 10 منٹ لگتا ہے اور موہن کو موٹر سائکل سے جانے میں 25 منٹ لگتا ہے۔ بتاؤ موہن کتنے منٹ/ وقت پہلے پہنچے گا۔

باب-14

# اعداد وشمار کا کھیل

رنجن کی استانی آج چھٹی پر تھی۔ درجہ کے بچوں نے سوچا میدان میں جا کر کچھ کھیلیں۔ سبھی بچے کھیلوں کا نام ایک ساتھ بولنے لگے۔ اس سے درجہ میں شور غل ہونے لگا۔ رنجن اور اس کے دوستوں نے سوچا معلوم کیا جائے کہ کون کیا کھیلنا چاہتا ہے انہوں نے کہا چلو ایک جدول بنائیں جس سے معلوم ہوگا کہ زیادہ ساتھی کیا کھیلنا چاہتے ہیں۔

| کھیل کے نام | کتنے بچوں کو پسند ہے |
|---|---|
| پٹو | 5 |
| گولی | 8 |
| کرکٹ | 5 |
| گلی۔ڈنڈا | 4 |

جدول دیکھکر بتایئے۔ درجہ میں سب سے زیادہ بچے کون سا کھیل کھیلنا پسند کرتے ہیں؟ ..............................

کون سا کھیل کم بچے پسند کرتے ہیں؟ ..............................

پٹو کھیلنے والے کتنے بچے ہیں؟ ..............................

آپ بھی درجہ ذیل جدول میں اپنے درجہ کے سبھی بچوں سے انکا پسندیدہ کھیل پوچھکر کھیل کا نام اور کتنے بچے پسند کرتے ہیں لکھیئے۔

| کھیل | کھیل پسند کرنے والے بچوں کی تعداد |
|---|---|
| چھوا۔چھوئی | .............. |
| کبڈی | .............. |
| کھوکھو | .............. |
| رسی کود | .............. |
| لمبی کود | .............. |

اپنے درجہ کیلئے بنائی گئی جدول کی مدد سے ذیل سوالوں کا جواب دیجئے۔

کون سا کھیل بچوں کو سب سے زیادہ پسند ہے؟ ..............................

کتنے بچوں کو چھوا۔ چھوئی پسند ہے؟ ..............................

بچوں کو کھوکھو پسند ہے یا کبڈّی؟ ..............................

لمبی کود کتنے بچوں کو پسند ہے؟ ..............................

کون سا کھیل سب سے کم بچوں کو پسند ہے۔ ..............................

ایک محلے کے بچے ایک کھیل کھیل رہے تھے۔ کھیل یہ تھا کہ سڑک پر ایک گھنٹے میں گذرنے والی سبھی گاڑیوں کو گننا۔ بچے تو گاڑیوں کو زور زور سے بول کر گننے میں لگے ہوئے تھے تبھی ایک بچے کی بڑی بہن نے یہ مشورہ دیا کہ الگ الگ طرے کی گاڑیوں (جیسے، کاروں، اسکوٹروں، بسوں وغیرہ) کو الگ الگ گنیں۔ کچھ دیر میں بچوں نے گنتی کا ریکارڈ رکھنے کا ایک کامیاب طریقہ ڈھونڈ لیا۔ انہوں نے ہر قسم کے گاڑیوں کیلئے ایک الگ الگ خانہ بنالیا اور ہر گاڑی کے گذرنے پر اس کے گھر میں ایک لکیر بنادی جیسے

| گاڑیوں کے نام | عدد |
|---|---|
| کار | IIII |
| بس | II |
| اسکوٹر | IIIII |
| سائیکل | IIIIIIII |

ہر گاڑی کے سامنے کی لکیروں کو گن کر رجنی نے اس کی تعداد معلوم کرلی۔ چھوٹے بھائی روی نے پوچھا، ایسا کیوں؟ تو وہ بولی ہر لکیر ایک گاری کی نشاندہی کرتی ہے۔ اس لئے سائیکل کے سامنے کی ساری لکیروں کو گنکر پتا چل جاے گا کہ کتنی سائیکل گزری تھی۔ اس لکیر کو میلان نسان (ٹیلی نشان) بھی کہتے ہیں۔ آپ بھی اپنے گھر کے باہر کھڑے ہوکر یہ جدول بنا سکتے ہیں۔ ایک گھنٹے میں گذرنے والی گاڑیوں کی تعداد معلوم کیجئے۔

## انہیں بھی کر کے دیکھیے۔

اپنے کتاب کا کوئی بھی ایک صفحہ کھولیئے۔ معلوم کیجیئے اس صفحہ پر الف، ب، پ، ت، ٹ، ث، ج، چ، ح، خ حرف کتنے دفعہ آتے ہیں؟ (اگر صفحہ پر بہت زیادہ الفاظ ہوتو صفحہ کا کچھ ہی حصہ لے سکتے ہیں)

(i) انہیں گننے کی کوشش کیجیے۔ (خیال رہے، سبھی حرفوں کو الگ الگ گنتی کرنی ہے) اسے دھیرے دھیرے دھیان سے کرنا ہوگا۔

(ii) ظاہر ہے ٹیلی نشان کا استعمال کرنا ہوگا۔

| حرف | ٹیلی نشان |
|---|---|
| الف | |
| ب | |
| پ | |
| ت | |
| ٹ | |

| حرف | ٹیلی نشان |
|---|---|
| ث | |
| ج | |
| چ | |
| ح | |
| خ | |

جدول کے مطابق بتایئے کہ

(i) کون سا حرف سب سے زیادہ دفعہ آیا ہے؟ ..........................


(ii) کون سا حرف سب سے کم دفعہ آیا ہے؟ ..........................

(iii) ایسے دو حرف بتایئے جو زیادہ دفعہ آئے ہیں؟ ..........................

(iv) الف اور ب میں کون زیادہ ہے؟ ..........................

(v) ایسے دو حرف بتایئے جو سب سے کم دفعہ آئے ہیں؟ ..........................

درج ذیل خطی تصویر بچوں کے ذریعہ پسند کیے جانے والے مختلف کھیلوں کو ظاہر کرتی ہے۔




ایک شکل 5 بچوں کو ظاہر کرتی ہے۔

(i) بچوں کو کون سا کھیل سب سے زیادہ پسند ہے؟

(ii) بچوں کو کون سا کھیل سب سے کم پسند ہے؟

(iii) کتنے بچوں کو کرکٹ پسند ہے؟

(iv) بچے کون سا کھیل زیادہ پسند کرتے ہیں، بیڈمنٹن یا ہاکی؟

(v) ٹینس یا کرکٹ پسند کرنے والے کل کتنے بچے ہیں؟

ذیل کے خطی تصویروں کو دیکھئے۔

1 پھل کا
تصویر = 10 پھل



**اب بتائیے:**

(i) یہ خطی تصویر کس کے بارے میں بتاتی ہے؟ ..........................

(ii) ہر ایک پھل کی تصویر کتنی تعداد کو ظاہر کرتی ہے؟ ..........................

(iii) سب سے زیادہ تعداد میں کون سا پھل ہے؟ ..........................

(iv) کون سا پھل برابر تعداد میں ہے؟ ..........................

(v) جدول میں پھلوں کی کل تعداد کتنی ہے؟ ..........................

(vi) آپ نے کل تعداد کیسے حاصل کیا؟ اپنے جواب کی وجہ بھی بتائیے؟

..........................................................................................

..........................................................................................

**اب آپ کیجئے:**

پروین کے گاؤں میں 40 گھر ہیں۔ جس میں 16 جھونپڑیاں ہیں۔ 5 گھر پکے ہیں جنکی چھتیں کھپر ول اور 7 گھروں کی چھتیں پکی ہیں۔ 12 پکے مکان ہیں جو دو منزلہ ہیں۔ اس جانکاری کے مطابق ایک خطی تصویر بنائیے۔

اب جدول کے بنیاد پر سوالات بنایئے یا جدول کے بنیاد پر پانچ باتیں بتایئے جو جدول سے ظاہر ہوتی ہے؟

ماحولیات کے درجہ استاد کے ذریعہ پوچھے جانے پر ہمارے گھروں میں سب سے زیادہ کون سی چیزیں کھائی جاتی ہیں؟ کئی بچوں نے جواب دیا کہ چاول، دال چپاتی، آلو وغیرہ۔ تب ایک بچے نے کہا کہ ہمارے گھر میں چپاتی کی جگہ چاول زیادہ کھایا جاتا ہے۔ تھوڑی دیر خاموشی کے بعد ہاں، نہیں کا ملا جلا شور ہونے لگا۔ پھر انہوں نے اس بات کی جانچ کرنے کی سوچی اور دوسرے گھنٹی میں آس۔ پاس کے خاندانوں اور اپنے گھروں سے اعداد و شمار جمع کیے۔ انہوں نے ایک جدول بنائی۔

| | |
|---|---|
| روزانہ چاول کھانے والے لوگ | 40 |
| روزانہ چپاتی کھانے والے لوگ | 35 |
| کبھی کبھی چاول کھانے والے لوگ | 20 |
| کبھی کبھی چپاتی کھانے والے لوگ | 10 |

اس جدول کو انہوں نے اپنے استاد کو دکھایا۔ استاد نے کہا اگر کل 75 گھر ہیں تو کیسے ہو سکتا ہے کہ 40 لوگ چاول کھاتے ہوں۔ تب ایک بچے نے کہا ہم دونوں چیزیں کھاتے ہیں تو ہم دونوں میں شمار کیے جائیں گے۔

## اب آپ کیجئے:


اپنے درجہ کے بچوں سے پوچھ کر آپ بھی اسطرح کے جدول بنایئے جدول کے بنیاد پر کچھ سوالات بنایئے اور نتیجہ بتایئے۔

## بار گراف:

سامنے دیئے گئے گراف کو دیکھئے۔ یہ گراف پرائمری اسکول کے بچوں کی درجہ وار تعداد ظاہر کرتا ہے۔ ہر بلاک دی گئی درجہ کے بچوں کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔

Y- محور ہر ایک درجہ میں بچوں کی تعداد بتاتا ہے۔

X- محور درجہ کو بتاتا ہے۔




اس گراف کے مطابق بتایئے ..............................

(i) اسکول میں کل کتنے بچے ہیں؟ ..............................

(ii) سب سے زیادہ بچے کس درجہ میں ہیں؟ ..............................


(iii) سب سے کم بچے کس درجہ میں ہیں؟ ..............................


(iv) کیا ایسے دو درجے ہیں جن میں بچوں کی تعداد برابر ہے؟ ..............................

# باب-15

# پیٹرن یا نمونہ(Pattern)

دیپاؤلی پر راجو کی ماں نے گھر کی صفائی رنگائی کے ساتھ ہی دروازے کی دیواروں پر کچھ ڈیزائن بھی بنائی۔








اب آپ بھی یہاں ▲ اس سے کوئی نیا پیٹرن بنائیے:

ہم اپنے آس پاس بہت سے ڈیزائن دیکھتے ہیں۔ جیسے رنگولی میں، کپڑوں کی ڈیزائن میں۔ کیا آپ بھی رنگولی کے کچھ ڈیزائن بنا سکتے ہیں؟


**مشق:**

پیٹرن دیکھئے اور آگے بڑھیے۔

(i)  .......... ..........


(ii)  .......... ..........

(iii)  .......... ..........

(iv)  .......... ..........

(v) A AB AA AAB .......... ..........

(vi)  .......... ..........

(vii)  .......... ..........


(viii)  .......... ..........

(ix)  .......... ..........


(x) JKL KLM LMN .......... ..........

ہم کسی بھی بلاک کو (تصویروں کو) گھڑی کے سمت یا اسکے الٹے سمت میں گھما کر بہت سارے پیٹرن بنا سکتے ہیں۔ جیسے


(i) بلاک کو ایک چوتھائی گھما کر۔




(ii) بلاک کو نصف گھما کر



(iii) تین چوتھائی گھما کر




آیئے کچھ کریں:




## مشق :2

1. لڑی کا اگلا پیٹرن کیا ہوگا؟ صحیح (✓) کا نشان لگایئے۔


(i)





(ii)






(iii)





2. دیئے گئے پیٹرن کو غور سے دیکھئے۔ پیٹرن کے قاعدے کو توڑنے والے تصویر کو گھیریئے اور اسے صحیح بھی کیجئے۔


(i)


(ii)


(iii)


(iv)


(v)


(vi)

## عددی پیٹرن:

18,23,28,33,43,48,53,58,63,68

درج بالا اعداد میں آپ کو کون سا پیٹرن (تعلق) نظر آرہا ہے؟ بتایئے۔

..............................................................................................

..............................................................................................

اس میں 18 میں 5 جوڑا تو 23 آیا۔ پھر 23 میں 5 جوڑا تو 28 آیا۔ اسی طرح ترتیب وار 5۔

5 جوڑ کر پیٹرن کو آگے بڑھائیے۔



442,433,425,416,410,405,401

دیے گئے پیٹرن میں ضابطہ بتائیے۔

..........................................................................................

..........................................................................................



یہ گھٹتے ہوئے ترتیب میں ہے۔ اس میں 442 سے 9 گھٹایا تو 433 آیا۔ پھر 433 میں سے 8 گھٹایا تو 425 آیا۔ اسی طرح بالترتیب 5,6,7......... گھٹاتے گئے۔

اب آپ بھی اس کے علاوہ دو اعداد کے پیٹرن بنائیے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

## مشق 3

1. درج ذیل پیٹرن کو آگے بڑھائیے

(i) 1,3,5,7,9,11,..........,..........,..........,..........

(ii) 2,4,6,8,10,12,..........,..........,..........,..........

(iii) 24,22,20,18,16,14,..........,..........,..........,..........

(iv) 118, 120, 122, 124, ........, ........, ........, ........

(v) 758, 765, 772, 779, 786, ........, ........, ........, ........

(vi) 957, 946, 935, 924, 913, ........, ........, ........, ........

(vii) 432, 445, 458, 471, 484, ........, ........, ........, ........

(viii) 4, 8, 16, 32, 64, ........, ........, ........, ........

(ix) 756, 744, 732, 720, 708, ........, ........, ........, ........

(x) 876, 846, 816, 786, 756, ........, ........, ........, ........

(xi) 231, 236, 242, 249, 257, ........, ........, ........, ........

(xii) 312, 324, 336, 348, 360, ........, ........, ........, ........

(xiii) 5659, 5665, 5671, 5677, 5683, ........, ........, ........, ........

(xiv) 7935, 7931, 7927, 7923, 7919, ........, ........, ........, ........

2. درج ذیل پیٹرن کو دیکھیے اور اس میں سے اس عدد پر گھیرا لگائیے۔ جو پیٹرن کے قاعدے کو توڑتا ہے۔ پیٹرن صحیح کیجیے اور پیٹرن کا قاعدہ بھی لکھیے۔


(i) 47, 54, 61, 68, 78, 82, 89, 96

(ii) 89, 81, 73, 65, 57, 50, 41

(iii) 401, 414, 427, 450, 453, 466, 479


(iv) 759, 750, 741, 732, 723, 714, 705, 605

3. پیٹرن کو سمجھ کر نقطوں کے تعداد کو جدول میں لکھیے۔



| بڑے مربعوں کی تعداد | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نقطوں کی تعداد | 5 | 8 | 11 | 14 | ........ | ........ | 23 | ........ |

4. خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔



## انہیں بھی کیجئے۔

### خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

1- 10, 20, 30, ---------- , ---------- ,

2- 30, 25, 25, ---------- , ---------- ,

3- 1, 4, 7, 10, ---------- , ---------- ,


### درج ذیل پیٹرن میں آگے آنے والے عدد کا مِلان کیجئے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1- | 1, 3, 5, 7 | 25 |
| 2- | 2, 4, 6, 8 | 9 |
| 3- | 1, 4, 6, 8 | 81 |
| 4- | 1, 9, 25, 49 | 10 |


### سرگرمی۔

اپنے آس پاس کے ماحول کے متعلق ایک پیٹرن بنا کر لائیں۔

ذیل پیٹرن کو آگے بڑھایئے۔

1.  ------

2.  ------

3.  ------

درج ذیل پیٹرن کو سمجھ کر اگلے تین ارکان لکھیے۔

1. 1 + 2 + 3 + 4 + 5 + 6 + 7 + 8 + 9 + 10 = 55

11 + 12 + 13 + 14 + 15 + 16 + 17 + 18 + 19 + 20 = 155

21 + 22 + 23 + 24 + 25 + 26 + 27 + 28 + 29 + 30 = 255

31 + ............................................................ = ..........

41 + ............................................................ = 455

51 + ............................................................ = ..........

2- (9 - 1) ÷ 8 = 1

(98 - 2) ÷ 8 = 12

(987 - 3) ÷ 8 = 123

(9876 - 4) ÷ 8 = 1234

-------------------------- ÷ 8 = -------------------------

-------------------------- ÷ 8 = -------------------------

-------------------------- = 8 = -------------------------

صحیح جواب پر صحیح (✓) کا نشان لگائیے۔

1. پیٹرن میں ہوتے ہیں۔

(a) طے شدہ ترتیب (b) غیر طے شدہ ترتیب

(c) دونوں (d) ان میں سے کوئی نہیں

2. پیٹرن میں ارکان کے درمیان ہوتے ہیں۔

(a) کوئی تعلق نہیں (b) داخلی تعلق

(c) برابر (d) کوئی نہیں